© rasailojaraid.com

# اداریہ

"تحقیق" کا تازہ شمارہ پیشِ خدمت ہے۔ اس اشاعت میں جن صاحبانِ علم و فضل نے تعاون کیا ہے ہم اُن کے بے حد ممنوں ہیں۔

"تحقیق" میں اب تک خصوصیت کے ساتھ اصولِ تحقیق، رسمیاتِ تحقیق مسائلِ تحقیق، منہاجِ تحقیق اور تحقیقِ منسوبات سے متعلق مواد شایع کیا گیا ہے۔

فہرستِ مخطوطات، قدیم متون، نوادرات، مکاتیب، متعاقب تحریریں قدیم بیاضیں ان کے علاوہ ادبی اصناف، رسائل اور ادبی تاریخوں کے تحقیقی جائزے بھی شامل کیے گئے ہیں۔

نام ور اسکالرز پر خصوصی گوشے، علمی اسفار، اہم موضوعات پر اعلیٰ پائے کے تحقیقی مقالات اور تبصرے اس مجلّے کی زینت بنتے رہے ہیں۔

ہماری خواہش ہے کہ فضلا و محققین مذکورہ موضوعات پر مقالات ارسال کریں۔ ڈاکٹر نجم الاسلام مرحوم نے تحقیق کے معیار کو جس مقام پر پہنچایا تھا، چاہتے ہیں کہ اسے برقرار رکھا جائے، یہ معیاری تحقیق کا تقاضہ بھی ہے اور وقت کی ضرورت بھی۔

© rasailojaraid.com